**Series : $KLNM** | **SET – 4**

Q.P. کوڈ
Q.P. Code **5B**

رول نمبر
**Roll No.** | | | | | | | | |

امیدوار .Q.P کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

**نوٹ:**

(i) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد **15** ہے۔

(ii) سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا .Q.P کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا لازمی ہے۔

(iii) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد **14** ہے۔

(iv) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے، سوال کا سیریل نمبر جواب کاپی میں دی گئی جگہ پر ضرور لکھیں۔**

(v) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

مقررہ وقت : *3* گھنٹے
*Time allowed : **3** hours*

کل نمبر : *80*
*Maximum Marks : **80***

**عام ہدایات:**

(i) یہ سوالنامہ **چار** حصوں پر مشتمل ہے اور اس میں **14** سوالات ہیں۔

(ii) **حصہ-الف** : سوال نمبر **1** تا **4** عبارت فہمی اور شعر فہمی پر مبنی ہے اور **20** نمبر کا ہے۔

(iii) **حصہ-ب** : سوال نمبر **5** تا **8** تحریری مہارت پر مبنی ہے اور **25** نمبر کا ہے۔

(iv) **حصہ-ج** : سوال نمبر **9** اور **10** قواعد پر مبنی ہے اور **20** نمبر کا ہے۔

(v) **حصہ-د** : سوال نمبر **11** تا **14** ادب پر مبنی ہے اور **15** نمبر کا ہے۔

(vi) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains **14** Questions and divided into **4** Sections.

(ii) **Section – A** : Q. No. **1** to **4**

(iii) **Section – B** : Q. No. **5** to **8**

(iv) **Section – C** : Q. No. **9** to **10**

(v) **Section – D** : Q. No. **11** to **14**

(vi) Answer the Questions as per the specific instructions.

## حصہ – الف : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION – A : Reading and Comprehension (20 Marks)

1. مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے: **5 × 1 = 5**

(a) پوری دنیا میں چاول کی پیداوار میں بھارت دوسرے نمبر پر ہے، ہندوستان اور چین مل کر دنیا کے چاول کی پیداوار کا **50** فی صد حصہ تیار کرتے ہیں۔ لیکن سب سے پہلے جنوب مشرقی ایشیا میں یہ بویا گیا۔ بلکہ تھائی لینڈ میں کھدائی سے معلوم ہوا کہ وہاں پر آٹھ ہزار سال سے اس کی کاشت کاری ہوتی رہی ہے۔ ہمارے ملک کی آدھی آبادی چاول پر ہی گزارا کرتی ہے۔ اگرچہ شمالی ہندوستان میں اس کی بوائی سال میں ایک ہی بار ہوتی ہے، مگر پوربی اور مغربی ہندوستان میں ایک ہی سال میں دو یا تین فصلیں تیار ہوتی ہیں۔ اس دو فٹ لمبے پودے کے علاوہ اب سائنس دانوں نے ایک فٹ سے کم کے بھی پودے تیار کر لیے ہیں، تاکہ برسات میں بارش اور تیز ہوا کی وجہ سے اس کے پودے جھک کر زمین سے نہ لگ جائیں، جس سے فصل خراب ہو جاتی ہے۔ دھان کا پودا تقریباً چار سے پانچ مہینے میں تیار ہو جاتا ہے اور اس میں لمبی لمبی بال لگ جاتی ہے اس دھان کی بھوسی مشینوں سے الگ کر لی جاتی ہے۔

(i) ہندوستان اور چین مل کر دنیا کے چاول کی پیداوار کا کتنا حصہ تیار کرتے ہیں؟

(A) آدھا حصہ (B) پورا حصہ

(C) دسواں حصہ (D) سارا حصہ

(ii) تھائی لینڈ میں آٹھ ہزار سال پہلے کس چیز کی کاشت کاری ہوتی تھی؟

(A) بھوسی (B) بال

(C) چاول (D) فصل

(iii) چاول کی بوائی کے معاملے ہندوستان کے کتنے حصّوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

(A) ایک (B) دو

(C) تین (D) چار

(iv) پودے جھک کر زمین سے لگ جائیں تو کیا ہوتا ہے؟

(A) فصل جلدی تیار ہو جاتی ہے۔

(B) بوائی ایک سے زیادہ بار کی جاسکتی ہے۔

(C) بارش میں مضبوطی سے کھڑے رہتے ہیں۔

(D) فصل خراب ہو جاتی ہے۔

(v) دھان کا پودا کتنے وقت میں تیار ہو جاتا ہے؟

(A) ایک سال (B) چار مہینے

(C) چھے مہینے (D) دو مہینے

**یا (OR)**

(b) جو لوگ وقت کے پابند ہوتے ہیں وہ اپنے کام کو تندہی اور چستی سے کرتے ہیں۔ ان کو کام کے انجام دینے کا خیال لگاتار رہتا ہے۔ کسی دوسرے کے کہنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ بلکہ خود ان کی طبیعت ان کو مجبور کرتی ہے کہ کام وقت پر مکمل ہو جائے۔ اس طرح ان کے وقت میں برکت ہو جاتی ہے۔ کام کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں سیر و تفریح، آرام اور دوستوں سے ملاقات کے لیے وقت مل جاتا ہے۔ اس کے برعکس جو لوگ وقت کے پابند نہیں ہوتے وہ کام کرنے میں سستی کرتے ہیں۔ اس خراب عادت کی وجہ سے وقت گزر جاتا ہے اور کام باقی رہتا ہے۔ پھر جب وہ کام کرتے ہیں تو انہیں اپنا وقت کم اور کام زیادہ لگتا ہے۔ ایسے لوگ اکثر وقت کی تنگی کا گلہ کرتے رہتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ خود اپنے ہاتھ سے وقت کو برباد کرتے ہیں۔ وقت کو بے کار کرنے والے کے خیالات بھی ناپاک ہو جاتے ہیں اور وہ بُرے کاموں کی طرف دلچسپی لینے لگتا ہے۔ حقیقیت یہ ہے کہ انسان کچھ نہ کچھ کرنے کے واسطے بنایا گیا ہے۔ جب وہ اپنے وقت کو ضائع کرتا ہے تو اس کا رجحان گناہوں کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔

(i) کام کو انجام دینے کا خیال کن لوگوں کو لگا رہتا ہے؟

(A) چست لوگوں کو
(B) وقت کے پابند لوگوں کو
(C) سیر و تفریح کرنے والوں کو
(D) جو لوگ وقت کے پابند نہیں ہوتے

(ii) وقت میں برکت کیسے ہوتی ہے؟

(A) کام کو اپنی مرضی سے انجام دینے پر
(B) وقت گزر جانے کے بعد کام کرنے پر
(C) کام وقت پر مکمل ہو جانے پر
(D) دوستوں سے ملاقات کرنے پر

(iii) وقت برباد کرنے کو کیسی عادت بتایا گیا ہے؟

(A) چستی
(B) سستی
(C) خراب
(D) بہتر

(iv) خیالات ناپاک ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(A) وقت کو بے کار کرنا (B) بُرے کاموں میں دلچسپی لینا

(C) گناہوں کی طرف بڑھنا (D) کام کو انجام دینا

(v) ''کچھ نہ کچھ کرنا'' کا کیا مطلب ہے؟

(A) وقت بے کار نہ کرنا (B) دوستوں سے ملاقات

(C) وقت کی تنگی (D) وقت کو برباد کرنا

2. مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے: **5 × 1 = 5**

(a) جو چیز خدا نے ہے بنائی اس میں ظاہر ہے خوش نمائی
روشن چیزیں بنائیں اس نے اچھی شکلیں دکھائیں اس نے
چڑیوں کے عجیب پَر لگائے اور پھول ہیں عطر میں بسائے
محلوں میں امیر ہیں بہ آرام ہے در پہ کھڑا غریب ناکام
روزی دونوں کو دی خدا نے معمور ہیں قدرتی خزانے
تاروں بھری رات کیا بنائی دن کو بخشی عجب صفائی
موتی سے پڑے ہوئے ہیں لاکھوں ہیرے سے جڑے ہوئے ہیں لاکھوں

(i) اس نظم میں کس کی تعریف کی گئی ہے؟

(A) دنیا کی (B) زمین کی

(C) خدا کی (D) قدرت کی

(ii) ''پھول ہیں عطر میں بسائے'' کا کیا مطلب ہے؟

(A) پھولوں سے عطر بنائے جاتے ہیں

(B) پھولوں سے خوشبو آتی ہے

(C) پھولوں پر عطر لگایا ہے

(D) عطر میں پھول ڈبوئے ہیں

(iii) امیر اور غریب کو خدا نے کیا دیا ہے؟

(A) خزانے　(B) آرام

(C) اچھی شکلیں　(D) روزی

(iv) رات اور دن میں کیا تعلق ہے؟

(A) متضاد　(B) واحد جمع

(C) سورج اور چاند　(D) اندھیرا اور اُجالا

(v) موتی اور ہیرے کس کے لیے استعمال کیا گیا ہے؟

(A) چڑیاں　(B) دن رات

(C) تارے　(D) قدرتی خزانے

**یا (OR)**

(b) ماں باپ اور استاد سب ہیں خدا کی رحمت

ہے روک ٹوک ان کی حق میں تمھارے نعمت

کڑوی نصیحتوں میں ان کی بھرا ہے امرت

چاہوا گر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو

ماں باپ کا عزیزوں مانا نہ جس نے کہنا

دشوار ہے جہاں میں عزت سے اس کا رہنا

ڈر ہے پڑے نہ صدمہ ذلت کا اس کو سہنا

چاہوا گر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو

(i) ماں باپ اور استاد کیا ہیں؟

(A) امرت (B) رحمت

(C) نعمت (D) عزت

(ii) اس نظم میں شاعر کس کو پیغام دے رہا ہے؟

(A) انسانوں کو (B) مردوں کو

(C) بچوں کو (D) عورتوں کو

(iii) بڑائی حاصل کرنے کے لیے کیا نصیحت کی گئی ہے؟

(A) کڑوی نصیحتیں سنو (B) روک ٹوک برداشت کرو

(C) کہنا بڑوں کا مانو (D) عزت سے رہو

(iv) "دشوار ہے جہاں میں" اس جملے میں جہاں کے کیا معنی ہیں؟

(A) گھر (B) اسکول

(C) دنیا (D) شہر

(v) لفظ عزت اور ذلت میں کیا تعلق ہے؟

(A) متضاد (B) واحد جمع

(C) دوستی اور دشمنی (D) مذکر مؤنث

3. مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے: **5 × 1 = 5**

کمپیوٹر کو انٹرنٹ یا ای- میل خدمات حاصل کرنے کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ایک موڈیم، دوسری ٹیلی فون یا موبائل کنکشن اور تیسری انٹرنٹ سروس مہیا کرانے والی تنظیم۔ موڈیم ایک آلہ ہے جو کمپیوٹر کے اعداد و شمار اور عبارتوں کو ایک خاص قسم کے اشاروں میں تبدیل کر دیتا ہے۔ یہ اشارے ٹیلی فون یا موبائل لائن کے ذریعے دنیا کے کسی بھی حصے میں بھیجے جا سکتے ہیں۔انھیں حاصل کرنے والا موڈیم اشاروں کو دوبارہ اعداد و شمار اور عبارت میں بدل دیتا ہے۔اس طرح ہم آنے والے پیغام کو اپنے کمپیوٹر یا موبائل کے پردے پر پڑھ سکتے ہیں۔ ای- میل انٹرنٹ خدمات کا ایک حصہ ہے جو پیغامات کو اشاروں میں تبدیل کر کے ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجتا ہے۔اس کے لیے اوپر بیان کی گئی سہولتوں کے ساتھ ہمیں ای- میل کا پتا معلوم ہونا بھی ضروری ہے۔ای- میل کا پتا ہم اپنی مرضی سے مقرر کر سکتے ہیں۔ یہ پتا عام طور پر اپنے پورے نام یا اس کے 'مخفف' (مختصر شکل) کو انٹرنٹ سروس کے نام کے ساتھ جوڑ کر بنایا جاتا ہے۔

(i) انٹرنٹ خدمات حاصل کرنے کے لیے موڈیم کے علاوہ اور کتنی چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

(A) ایک (B) دو

(C) تین (D) چار

(ii) موڈیم کے اشاروں کو کس چیز کے ذریعے سے کہیں بھی بھیجا جاسکتا ہے؟

(A) ای- میل (B) لیپ ٹاپ

(C) ٹیلی فون (D) کمپیوٹر

(iii) ''پیغامات کو اپنے کمپیوٹر یا موبائل کے پردے پر پڑھ سکتے ہیں''۔اس جملے میں پردے کا کیا مطلب ہے؟

(A) کور (Cover) (B) ای- میل

(C) اسکرین (D) بِل (Bill)

(iv) ای- میل پیغامات کو کس شکل میں تبدیل کرتا ہے؟

(A) مختصر شکل (B) انٹرنٹ

(C) اشارے (D) عبارت

(v) مخفف کے کیا معنی ہیں؟

(A) پیغامات (B) مختصر شکل

(C) سہولت (D) انٹرنٹ سروس

4. مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے درست جواب کا انتخاب کیجیے: 
**5 × 1 = 5**

کوئی امید بر نہیں آتی — کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا ایک دن معیّن ہے — نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
آگے آتی تھی حالِ دِل پہ ہنسی — اب کسی بات پر نہیں آتی
ہے کچھ ایسی ہی بات جو چُپ ہوں — ورنہ کیا بات کر نہیں آتی
کعبے کس منہ سے جاؤ گے غالؔب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

(i) اس غزل کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) غالؔب (B) میرؔ

(C) ذوؔق (D) اقبؔال

(ii) ''امید بر نہ آنا'' کے معنی لکھیے۔

(A) امید پوری نہ ہونا (B) امید ٹوٹ جانا

(C) امید سے ہونا (D) امید پر کھرا نہ اُترنا

(iii) ''موت ایک دن ضرور آئے گی''۔ یہ بات کس شعر میں کہی گئی ہے؟

(A) پہلے (B) دوسرے

(C) تیسرے (D) چوتھے

(iv) ہنسی کس پر آتی تھی؟

(A) اپنے حال پر (B) محبوب کے حال پر

(C) دل کے حال پر (D) دنیا کے حال پر

(v) آخری شعر میں شاعر کس سے بات کر رہا ہے؟

(A) شاعر سے (B) خدا سے

(C) خود سے (D) حاجی سے

## حصہ – ب : تحریری مہارت (25 نمبر)

## SECTION – B : Writing Skill (25 Marks)

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر کم سے کم **250** الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: **1 × 10 = 10**

(i) قومی تہوار

(ii) صحت اور کھیل کود

(iii) میلے کا آنکھوں دیکھا حال

(iv) اسکول کا سالانہ جلسہ

(v) عورتوں کی تعلیم

6. (a) آپ کا نام عیان/آمنہ ہے۔ آپ کی بہن کی شادی 04 اپریل کو ہونا طے پائی ہے۔ اس شادی میں شرکت کرنے کے لیے اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ آپ شالیمار اسکول، راجندر نگر، پٹنہ، بہار کی جماعت دسویں بی۔ میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ **1 × 5 = 5**

**یا (OR)**

(b) آپ کا نام عیان/آمنہ ہے۔ آپ 21، انورادھا سوسائٹی، جیوراج پارک، احمد آباد، گجرات میں رہتے ہیں۔ آنے والی گرمیوں کی چھٹیوں میں اپنے چاچا کو اُن کی پوری فیملی کے ساتھ احمد آباد آنے کی دعوت دیجیے۔ آپ کے چاچا ایچ -20، حمزہ کالونی، بگاٹی کانی پور، سری نگر-190015 میں رہتے ہیں۔

7. (a) رتن سنگھ پر **100** الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ **1 × 5 = 5**

**یا (OR)**

(b) سبق ''خدا کے نام خط'' کا خلاصہ لکھیے۔

8. (a) ''اسمعیل میرٹھی'' یا ''نظیر اکبر آبادی'' میں سے کسی ایک پر **100** الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ **1 × 5 = 5**

**یا (OR)**

(b) نظم ''نیکی اور بدی'' سے ہمیں کیا پیغام ملتا ہے؟

## حصّہ – ج : عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION – C : Functional Grammar (20 Marks)

9. درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں صحیح جواب چن کر لکھیے: **8 × 2 = 16**

(i) ''میں اپنے مستقبل کے بارے میں سوچنا شروع کروں گا''۔ اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

(A) فعل معروف (B) فعلِ مستقبل

(C) فعلِ ماضی (D) فعلِ حال

(ii) ایسا فعل جس کا فاعل معلوم ہو، کیا کہلاتا ہے؟

(A) فعلِ مجہول (B) فعل حال

(C) فعلِ معروف (D) فعلِ مستقبل

(iii) ''تمام لڑکے صبح سے کھیل رہے ہیں''۔ اس جملے میں اسم عام کی نشاندہی کیجیے۔

(A) سے (B) تمام

(C) لڑکے (D) ہیں

(iv) اس علامت (،) کا نام کیا ہے؟

(A) سکتہ (B) سوالیہ

(C) واوین (D) قوسین

(v) مونث کی پہچان کیجیے۔

(A) موقع (B) تعلیم

(C) ظلم (D) راستہ

(vi) درج ذیل میں سے صرف دو کے متضاد لکھیے:

(A) بُری (B) بہتر

(C) خوشی (D) حیات

(vii) ''ماہرین'' کا واحد کیا ہے؟

(A) مہر (B) ماہر

(C) مہری (D) مہرا

(viii) ''مند'' لاحقہ کے ساتھ کون سا لفظ درست ہے؟

(A) مندبدھی (B) عقل مند

(C) مندا (D) مندرجہ ذیل

(ix) کس جملے سے فعلِ ماضی کی پہچان ہوتی ہے؟

(A) عامر بھاگ رہا تھا۔ (B) عامر نانی کے یہاں جائے گا۔

(C) عامر ہنس رہا ہے۔ (D) عامر اب خاموش ہے۔

(x) سورج کا مترادف کیا ہے؟

(A) چاند (B) شب

(C) خورشید (D) روز

10. درج ذیل الفاظ، محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف **چار** کو جملوں میں استعمال کیجیے: **4 × 1 = 4**

(i) وفاداری

(ii) ذہن

(iii) چھٹی کا دودھ یاد آنا

(iv) دانتوں میں انگلیاں دبانا

(v) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا

(vi) جیسی کرنی ویسی بھرنی

## حصّہ – د : ادب (15 نمبر)

## SECTION – D : Literature (15 Marks)

11. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: **3 × 2 = 6**

(i) زمین پر جانداروں کی نشوونما کس طرح ہوئی؟

(ii) ای-میل کسے کہتے ہیں؟

(iii) مغل بادشاہ اکبر رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہوا تھا؟

12. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے: **2 × 1 = 2**

(i) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

(ii) شہروں کی گندگی کس طرح دریاؤں میں شامل ہو جاتی ہے؟

13. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے: **2 × 2 = 4**

(i) میر انیس نے بڑھاپا اور جوانی کے فرق کو کس طرح واضح کیا ہے؟

(ii) ''ابھی آئے ابھی چلے'' سے ذوق کی کیا مراد ہے؟

14. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے: **3 × 1 = 3**

(i) بریل تحریر کس نے ایجاد کی؟

(ii) نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(iii) آپ کی درسی کتاب میں شامل ساحر لدھیانوی کی نظم کا نام کیا ہے؟

---